**24.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

-----------------------------

- ☆ بھارت نے کثیر رخی فضائی دفاعی صلاحیت قائم کرنے کیلئے مربوط فضائی دفاعی اسلحہ نظام کی پہلی کامیاب آزمائش کی ہے۔
- ☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ملک اپنے اولین انسان بردار خلائی مشن کیلئے پوری طرح تیار ہے، جو خودکفیل بھارت کے سفر میں ایک نیا باب ہوگا۔
- ☆ وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں آل انڈیا اسپیکرس کانفرنس کا افتتاح کیا۔
- ☆ Fiji کے وزیرِ اعظم Sitiveni Rabuka تین دن کے دورے پر نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ وہ کل وزیرِ اعظم نریندر مودی سے بات چیت کریں گے۔
- ☆ بہار اور راجستھان میں شدید بارش ہونے سے املاک اور فصلوں کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔
- ☆ اور تیر اندازی میں Chikitha Taniparthi نے کناڈا میں عالمی یوتھ چیمپئن شپ میں 21 سال تک کی عمر کی خواتین کے کمپاؤنڈ زمرے میں بھارت کیلئے پہلا انفرادی سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے...........

**DRDO - IADWS**

دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم DRDO نے اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک مربوط فضائی دفاعی اسلحہ نظام کی پہلی کامیاب آزمائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے DRDO ، بھارتی مسلح افواج اور متعلقہ صنعت کو مربوط فضائی دفاعی اسلحہ نظام کامیابی کے ساتھ تیار کرنے کیلئے مبارکباد پیش کی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اِس منفرد تجربے سے ملک کی کثیر رخی فضائی دفاعی صلاحیت قائم ہوگئی ہے اور اِس سے دشمن کے فضائی خطرات کے خلاف اہم سہولیات کیلئے دفاعی نظام کو اور مضبوط بنایا جاسکے گا۔×

**PM Deep Space**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے سائنسدانوں پر زور دیا ہے کہ وہ خلاء میں گہرائی تک دریافت اور کھوج کیلئے تیاری کریں کیونکہ جن شعبوں کی اب تک کھوج نہیں کی گئی ہے، اُن میں بنی نوع انسانیت کے مستقبل کیلئے اہم راز ہوسکتے ہیں۔ کل خلاء سے متعلق قومی دن کے موقع پر ایک ویڈیو پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت پہلے ہی چاند اور مریخ پر پہنچ چکا ہے اور اب وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم خلاء کے اور اندر تک جاکر خطوں کی کھوج کریں۔

**SB - PM Space Station - 31 Secs**

وزیرِ اعظم نے نوجوان شہریوں کو مدعو کیا کہ وہ بھارت کے خلاء بازوں کے **Pool** میں شامل ہوں اور ملک کی امنگوں کو پروان چڑھانے میں اپنا رول ادا کریں۔ جناب مودی نے پرائیویٹ سیکٹر پر زور دیا کہ وہ آگے آئے اور اگلے پانچ سال میں پانچ خلائی **Unicorns** قائم کرے۔×

## Gaganyatri - Rajnath

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اپنے پہلے انسان بردار خلائی مشن گگن یان کیلئے پوری طرح تیار ہے اور یہ صرف ایک تکنیکی کامیابی نہیں بلکہ خودکفیل بھارت کے سفر میں ایک نیا باب ہے۔ وزیرِ دفاع نے گگن یان مشن کیلئے جانے والے خلاء بازوں کی عزت افزائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اِس مشن کیلئے گروپ کیپٹن شُبھانشو شُکلا، پرسَنت بالا کرشنن نائر، اَجیت کرشنن اور اَنگد پرتاپ کا انتخاب کیا گیا ہے۔

جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ بھارت صرف خلاء میں سیٹلائٹ بھیجنے کا ہی کام نہیں کررہا ہے بلکہ ملک نے، دنیا کو یہ دکھا دیا ہے کہ وہ کیا کیا کرسکتا ہے۔ وزیرِ دفاع نے کہا کہ بھارت نے پہلے ہی چاند سے مریخ تک اپنی موجودگی دکھا دی ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت خلاء کو محض تحقیق کے ایک شعبے کے طور پر نہیں بلکہ معیشت، سیکیورٹی، توانائی اور بنی نوع انسانیت کے مستقبل کے ایک اہم وسیلے کے طور پر دیکھتا ہے۔

**SB - 1200 - Rajnath Singh Final**

گروپ کیپٹن شُبھانشو شُکلا کے خلائی سفر کو اجاگر کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ عام طور پر خلائی پروگرام کی تربیت کافی طویل ہوتی ہے اور اِس میں تقریباً ڈھائی سال لگ جاتے ہیں لیکن شُبھانشو شُکلا نے یہ تربیت محض ڈھائی مہینے میں مکمل کرلی۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف اُن کی ذاتی صلاحیت کا ثبوت ہے بلکہ یہ بھارتی شہریوں کی سخت محنت کرنے کی سوچ کی بھی علامت ہے۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، کیپٹن شُبھانشو شُکلا نے کہا کہ بھارتی فضائی فوج میں انہوں نے جو تربیت حاصل کی تھی، اُس سے انہیں اعتماد کے ساتھ چیلنجوں کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہونے میں مدد ملی۔

**SB - 1400 - Shubhanshu Shukla**

## Amit Shah Conference

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج قومی راجدھانی میں دلّی آسمبلی میں دو روزہ آل انڈیا اسپیکرس کانفرنس کا افتتاح کیا۔ مرکزی قانون ساز آسمبلی کے بھارت کے پہلے اسپیکر کی حیثیت سے وِٹّھل بھائی پٹیل کے انتخاب کے **100** سال پورے

ہونے کے موقع پر اِس کانفرنس کا اہتمام کیا گیا ہے۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب امت شاہ نے زور دے کر کہا کہ ملک کی آزادی کی طرح، ملک کے نظام کو جمہوری انداز سے چلانا بھی اُتنا ہی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وِٹّھل بھائی پٹیل نے بھارتی نظریات کی بنیاد پر ملک کے نظام کو جمہوری طریقے سے چلانے کی بنیاد رکھنے کا کام کیا۔ جناب امت شاہ نے ایوان کے وقار اور اسپیکر کے عہدے کا احترام بڑھانے کی سمت کام کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

وزیرِ داخلہ نے کہا کہ ایوان کو ہمارے ملک کے عوام کے معاملات اٹھانے کیلئے ایک غیرجانبدارانہ پلیٹ فارم فراہم کرنا چاہیئے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ اِس بات کو یقینی بنانا، ہر ممبر کی ذمہ داری ہے کہ ایوان کا کام کاج متعلقہ ایوان کے ضابطوں کے مطابق ہو۔

**SB - Amit Shah People Voice**

اِس موقع پر پارلیمانی امور کے وزیر کرن رِیجیجو نے کہا کہ دو روزہ اسپیکرس کانفرنس بہترین طور طریقے سیکھنے کیلئے بہت مفید ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن یعنی مخالفت اور **Obstruction** یعنی رکاوٹ ڈالنے کے درمیان فرق ہے کیونکہ مخالفت کرنا ارکان کا حق ہے لیکن وہ کام کاج میں رکاوٹ نہیں ڈال سکتے۔

اِس موقع پر وزیرِ داخلہ امت شاہ نے وِٹّھل بھائی پٹیل کے اعزاز میں ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔ انہوں نے ایک خصوصی نمائش کا بھی افتتاح کیا، جس میں بھارت کے پہلے منتخب اسپیکر اور بھارت کے پارلیمانی اداروں کے ارتقاء کے بارے میں نایاب ریکارڈس ، تصویروں اور دستاویزات کو دکھایا گیا ہے۔×

**PM - Parkash Purab**

وزیر اعظم نریندر مودی نے شری گرو گرنتھ صاحب جی کے ''پرکاش پرب'' کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ شری گرو گرنتھ صاحب جی کی تعلیمات، دنیا بھر کی زندگیوں کو منور کرتی رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اِن تعلیمات سے بنی نوع انسان کو اتحاد اور یکجہتی کو مستحکم بنانے کی ترغیب ملتی ہے۔×

**Fiji PM - India Visit**

**Fiji** کے وزیرِ اعظم **Sitiveni Rabuka** بھارت کے تین کے دورے پر آج صبح نئی دلّی پہنچ گئے۔ مرکزی وزیر سُکانتا مجمدار نے ہوائی اڈے پر، اُن کا استقبال کیا۔ **Fiji** کے وزیرِ اعظم کے ساتھ ایک وفد بھی بھارت کے دورے پر آیا ہے، جس میں صحت اور طبی خدمات محکمے کے وزیر **Ratu Lalabalavu** اور اعلیٰ اہلکار شامل ہیں۔

**Fiji** کے وزیرِ اعظم **Sitiveni Rabuka** کل وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وہ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملنے جائیں گے۔×

**Rajasthan - Floods**

راجستھان کے کئی اضلاع میں 3 دن سے جاری موسلادھار بارش سے معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ اِن میں دوسہ ضلع سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے، جبکہ الور، جے پور، سوائی مادھوپور، سیکر اور ٹونک ضلعوں میں بھی شدید بارش ہوئی ہے۔×

**Bihar - Floods**

بہار میں Falgu، Lokayeen اور Muhane سمیت مختلف دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوگیا ہے، جس کے سبب نالندہ، جہان آباد اور گیا ضلعوں کے کئی علاقوں میں اچانک سیلاب آنے جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ نالندہ، جہان آباد اور گیا میں مکانوں کو شدید نقصان پہنچا ہے، جبکہ بہت سے علاقوں میں کھڑی فصلوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ اِس کے علاوہ نو مقامات پر دریاؤں کے پشتوں میں شگاف پڑنے کی خبر ملی ہیں۔×

**Archery**

بھارت کی Chikitha Taniparthi کناڈا میں عالمی یوتھ چیمپئن شپ میں انفرادی جونیئر ورلڈ ٹائٹل حاصل کرنے والی پہلی بھارتی خاتون کمپاؤنڈ تیر انداز بن گئی ہیں۔ اِس طرح انہوں نے تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ Chikitha نے 21 سال تک کی عمر کی خواتین کے کمپاؤنڈ تیر اندازی مقابلے کے فائنل میں کوریا کی Yerin Park کو 136 کے مقابلے 142 پوائنٹ سے شکست دی۔×

**Cricket Pujara**

بھارتی بلے باز چیتیشوَر پجارا نے ہر طرح کی کرکٹ سے اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ 37 سالہ چیتیشوَر پجارا ایک دہائی سے زیادہ عرصے تک بھارتی ٹیم میں سب سے زیادہ قابلِ بھروسہ نمبر تین بلے باز رہے ہیں۔
انہوں نے 2010 میں بھارتی ٹیم کیلئے کھیلنا شروع کیا تھا۔ پجارا نے 103 ٹسٹ میچ اور پانچ ایک روزہ میچ کھیلے ہیں۔ انہوں نے 45 اعشاریہ چھ صفر کی اوسط کے ساتھ ٹسٹ کرکٹ میں سات ہزار 195 رَن اسکور کئے۔ چیتیشوَر پجارا نے 19 سینچریاں اور 35 ہالف سینچریاں بنائیں۔ ٹسٹ کرکٹ میں اُن کا آخری میچ جون 2023 میں Oval کے میدان پر آسٹریلیا کے خلاف عالمی ٹسٹ چیمپئن شپ کا فائنل تھا۔×

**North Korea - Missile Test**

شمالی کوریا نے جدید طرز پر ڈھالے گئے اپنے نئے فضائی دفاعی میزائل نظام کی آزمائش کی ہے۔ سرکاری میڈیا نے اطلاع دی ہے کہ شمالی کوریا کے صدر Kim Jong-un نے مختلف اہداف پر کی گئی آزمائش کی نگرانی کی۔ شمالی کوریا کا یہ تجربہ ایسے وقت ہوا ہے کہ جب امریکہ اور جنوبی کوریا گذشتہ ایک ہفتے سے اپنی مشترکہ فوجی مشقیں کررہے ہیں۔×

**Coas - Algeria Visit**

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی الجیریا کے سرکاری دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ وہ اِس مہینے کی 28 تاریخ تک وہاں کے دورے پر رہیں گے۔ جنرل دیویدی الجیریا کے سرکردہ رہنماؤں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی میٹنگیں کریں گے۔ اُن کے اِس دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی اور سکیورٹی رابطوں کو مزید مستحکم بنانا ہے۔×

**Punjab - Pralhad Joshi**

صارفین کے امور ، خوراک اور تقسیمِ عامہ محکمے کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ پنجاب کے مستفید ہونے والے ایک کروڑ 41 لاکھ افراد کو مفت اناج ملتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز نے خوراک کی یقینی فراہمی سے متعلق قومی ایکٹ 2013 کے تحت ایک بھی متعلقہ شخص کا نام کم نہیں کیا ہے۔

ہمارے جالندھر کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جناب پرہلاد جوشی نے پنجاب کے وزیرِ اعلیٰ بھگونت مان کے اِس الزام کے تناظر میں یہ بات کہی کہ مرکزی سرکار، پنجاب کے 55 لاکھ غریب باشندوں کیلئے مفت غذائی اجناس کا سلسلہ روکنے والی ہے۔ جناب جوشی نے کہا کہ خوراک کی یقینی فراہمی سے متعلق قومی ایکٹ 2013 کے مطابق مستحق افراد کو شامل کرنے یا باہر رکھنے کے اپنے پیمانے کی بنیاد پر مستفید ہونے والے اہل افراد کی نشاندہی کرنا ریاستی سرکار کی ذمہ داری ہے اور اِس میں مرکزی حکومت کا کوئی رول نہیں ہے۔

جناب پرہلاد جوشی نے یہ بھی کہا کہ سپریم کورٹ نے مستفید ہونے والے متعلقہ افراد کی لازمی eKYC کرانے کی ہدایت دی تھی اور مرکزی حکومت ایسا کرنے کیلئے پنجاب سرکار کو تین بار توسیعی مہلت دے چکی ہے۔×

**Uttarakhand Rescue**

اتراکھنڈ کے چمولی ضلع میں تھَرالی کے مقام پر راحت اور بچاؤ کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔ وہاں موسلادھار بارش کے بعد بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔ متاثرہ علاقوں سے 150 سے زیادہ لوگوں کو امدادی کیمپوں میں پہنچایا گیا ہے۔ ریاست کے وزیرِ اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے امدادی کارروائی کا جائزہ لینے کے بعد حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ فوری طور پر امداد فراہم کریں۔ انہوں نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے پانچ - پانچ لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے اور اتنی ہی رقم کا معاوضہ، اُن کنبوں کو دیا جائے گا، جن کے مکان تباہ ہوگئے ہیں۔

چمولی کے ضلع مجسٹریٹ سندیپ تیواری نے بتایا کہ بجلی اور طبی سہولیات پوری طرح کام کررہی ہیں۔

اِدھر موسمیات محکمے نے اتراکھنڈ کے کئی حصوں میں آج اور کل شدید بارش کے امکان کے مدنظر اورینج اور Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆